# प्रश्न–पत्र की योजना 2023–24

कक्षा – 10th
विषय – उर्दू(तृतीय भाषा) (72)
अवधि – 3 घण्टे 15 मिनट पूर्णांक – 80

1. उद्देश्य हेतु अंकभार –

| क्र.सं. | उद्देश्य | अंकभार | प्रतिशत |
|---|---|---|---|
| 1. | ज्ञान | 29 | 36.25 |
| 2. | अवबोध | 25 | 31.25 |
| 3. | ज्ञानोपयोग / अभिव्यक्ति | 16 | 20.00 |
| 4. | कौशल / मौलिकता | 10 | 12.50 |
| | **योग** | **80** | **100** |

2. प्रश्नों के प्रकारवार अंकभार –

| क्र. सं. | प्रश्नों का प्रकार | प्रश्नों की संख्या | अंक प्रति प्रश्न | कुल अंक | प्रतिशत (अंको का) | प्रतिशत (प्रश्नों का) | संभावित समय |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1. | वस्तुनिष्ठ | 15 | 1 | 15 | 18.75 | 29.41 | 22 |
| 2. | रिक्त स्थान | 7 | 1 | 7 | 8.75 | 13.73 | 10 |
| 3. | अतिलघुत्तरात्मक | 10 | 1 | 10 | 12.50 | 19.61 | 15 |
| 4. | लघुत्तरात्मक | 12 | 2 | 24 | 30.00 | 23.53 | 48 |
| 5. | दीर्घउत्तरीय | 4 | 3 | 12 | 15.00 | 7.84 | 48 |
| 6. | निबंधात्मक | 3 | 4 | 12 | 15.00 | 5.88 | 52 |
| | **योग** | **51** | | **80** | **100** | **100** | **195 मिनट** |

विकल्प योजना : खण्ड 'स' एवं 'द' में हैं

3. विषय वस्तु का अंकभार –

| क्र.सं. | विषय वस्तु | अंकभर | प्रतिशत |
|---|---|---|---|
| 1 | गैर दर्सी इक्तिाबास | 8 | 10 |
| 2 | मंजमून, खत / दररूवास्त | 8 | 10 |
| 3 | कवाइद | 16 | 20 |
| 4 | जान पहचान (हिस्सा–ए–नस्र) | 24 | 30 |
| 5 | जान पहचान (हिस्सा–ए–नज़्म) | 24 | 30 |
| | | | |
| | **योग** | **80** | **100** |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |
| | | | |

# प्रश्न–पत्र ब्ल्यू प्रिन्ट

कक्षा –10th  विषय :– उर्दू (तृतीय भाषा) (72)  पूर्णांक – 80

| क्र.सं. | उद्देश्य इकाई / उप इकाई | ज्ञान | | | | | | अवबोध | | | | | | ज्ञानोपयोग / अभिव्यक्ति | | | | | | कौशल / मौलिकता | | | | | | योग |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | वस्तुनिष्ठ | रिक्त स्थान | अतिलघुत्तरात्मक | लघुत्तरात्मक | दीर्घउत्तरात्मक | निबन्धात्मक | वस्तुनिष्ठ | रिक्त स्थान | अतिलघुत्तरात्मक | लघुत्तरात्मक | दीर्घउत्तरात्मक | निबन्धात्मक | वस्तुनिष्ठ | रिक्त स्थान | अतिलघुत्तरात्मक | लघुत्तरात्मक | दीर्घउत्तरात्मक | निबन्धात्मक | वस्तुनिष्ठ | रिक्त स्थान | अतिलघुत्तरात्मक | लघुत्तरात्मक | दीर्घउत्तरात्मक | निबन्धात्मक | |
| 1 | गैर दर्सी इक्तिाबास | | | | 4(2) | | | | | | 4(2) | | | | | | | | | | | | | | | 8(4) |
| 2 | मंजमून, खत / दरख्वास्त | | | | | | | | | | | | | | | | | | 4(1) | | | | | | 4(1) | 8(2) |
| 3 | कवाइद | | | | 4(2) | | | | | | 6(3) | | | | | | 6(3) | | | | | | | | | 16(8) |
| 4 | जान पहचान (हिस्सा–ए–नस्र) | 5(5) | 3(3) | 3(3) | | | | 3(3) | 1(1) | 3(3) | | | | | | | | 3(1) | | | | | | 3(1) | | 24(20) |
| 5 | जान पहचान (हिस्सा–ए–नज़्म) | 4(4) | | 2(2) | | | 4(1) | 3(3) | 3(3) | 2(2) | | | | | | | | 3(1) | | | | | | 3(1) | | 24(17) |
| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
| | योग | 9(9) | 3(3) | 5(5) | 8(4) | | 4(1) | 6(6) | 4(4) | 5(5) | 10(5) | | | | | | 6(3) | 6(2) | 4(1) | | | | | 6(2) | 4(1) | 80(51) |
| | | | | **29** | **(22)** | | | | | **25** | **(20)** | | | | | **16** | **(06)** | | | | | **10** | **(03)** | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |
| | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | | |

विकल्पों की योजना :– खण्ड 'स' एवं 'द' में प्रत्येक में एक आंतरिक विकल्प है  नोटः– कोष्ठक के बाहर की संख्या 'अंकों' की तथा अंदर की संख्या 'प्रश्नों' के द्योतक है।

हस्ताक्षर

# SECONDARY EXAMINATION-2024

## MODEL PAPER-2024

## URDU

## اُردو

## (Third Language)

Time : 3:15 Hours　　　　Max. Marks : 80

طلبہ کے لیے ہدایات:-

(i) طلبہ/ طالبات سب سے پہلے سوال کے پرچے پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔

(ii) سبھی سوالات کے جوابات لازمی ہیں۔

(iii) ہر سوال کا جواب دی گئی کاپی میں ہی لکھیں۔

(iv) ہر جواب سے پہلے اس کا صحیح سوال نمبر لکھیں۔

(v) جن سوالوں کے ایک سے زائد حصے ہیں، ان کے جوابات ایک ساتھ ہی لکھیں۔

(vi) سوالوں کے جوابات خوش خط لکھیں اور املا کی درستی کا خیال رکھیں۔

(vii) ہر سوال کا جواب لکھتے ہوئے اس سوال میں دی گئی ہدایت پر عمل کریں۔

## حصّہ (الف) (SECTION-A)

1. مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے چار ممکنہ جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر کاپی میں لکھیے:-

(i) تکلف کے معنی ہیں: (1)

(A) غم (B) بے چینی

(C) دکھاوا (D) پریشانی

(ii) اُردو زبان کہاں پیدا ہوئی؟ (1)

(A) چین میں (B) ہندوستان میں

(C) ایران میں (D) جاپان میں

(iii) ڈاکٹر بھیم راؤ امبیڈکر کہاں پیدا ہوئے؟ (1)

(A) گجرات میں (B) راجستھان میں

(C) مدھیہ پردیش میں (D) پنجاب میں

(iv) "آدمی کی کہانی" سبق کے مصنف کا نام ہے: (1)

(A) پریم چند (B) محمد مجیب

(C) کرشن چندر (D) رتن سنگھ

(v) معلومات کا خزانہ کہا جاتا ہے: (1)

(A) انٹرنٹ کو (B) پرنٹر کو

(C) ماؤس کو (D) کی بورڈ کو

(vi) "نئی روشنی" سبق میں اندھے لڑکے کا نام ہے: (1)

(A) اسلم (B) جاوید

(C) برکت (D) محمود

(vii) رتن سنگھ کب پیدا ہوئے؟ (1)

(A) 1925ء میں (B) 1927ء میں

(C) 1929ء میں (D) 1931ء میں

(viii) حبیب تنویر کا اصل نام کیا ہے؟ (1)

(A) حبیب احمد خاں (B) محمد حبیب اللہ

(C) عبدالماجد (D) عبدالحمید

(ix) "حمد" کے آخری شعر میں کارخانے سے کیا مراد ہے؟ (1)

(A) ندی (B) زمین

(C) آسمان (D) دنیا

(x) عدل پرستی کے کیا معنی ہیں؟ (1)

(A) نفرت پرستی (B) انصاف پرستی

(C) ظلم کرنا (D) محبت کرنا

(xi) میر تقی میرؔ کہاں پیدا ہوئے؟ (1)

(A) پنجاب میں (B) آگرہ میں

(C) دہلی میں (D) کشمیر میں

(xii) مرزا غالبؔ کے دیوان کا کیا نام ہے؟ (1)

(A) دیوانِ غالبؔ (B) کلیاتِ غالبؔ

(C) اردوئے معلیٰ (D) دیوانِ اسد

(xiii) اقبالؔ کی وفات کب ہوئی؟ (1)

(A) 1934ء میں (B) 1936ء میں

(C) 1938ء میں (D) 1940ء میں

(xiv) ساحرؔ لدھیانوی نے امنِ عالم کا خون کسے کہا ہے؟ (1)

(A) جنگ کو (B) دوستی کو

(C) نفرت کو (D) محبت کو

(xv) بشرؔ نواز کا اصل نام کیا ہے؟ (1)

(A) دلاور نواز خاں (B) نور محمد خاں

(C) بشیر نواز خاں (D) بشارت نواز خاں

2. مندرجہ ذیل خالی جگہ پُر کیجیے:-

(i) ہندوستان ایک لمبا۔۔۔۔۔۔۔۔دیش ہے۔ (1)

(ii) ڈاکٹر امبیڈکر کا اصل نام۔۔۔۔۔۔۔۔تھا۔ (1)

(iii) ہماری دنیا پہلے۔۔۔۔۔۔۔۔کا ایک گولا تھی۔ (1)

(iv) وزیر علی کے کارنامے سُن کر۔۔۔۔۔۔۔۔کے کارنامے یاد آتے ہیں۔ (1)

(v) جو پان کھلاوے۔۔۔۔۔۔۔۔ملے، جو روٹی دے تو نان ملے (1)

(vi) نیند کیوں۔۔۔۔۔۔۔۔بھر نہیں آتی (1)

(vii) جنگ مشرق میں ہو کہ۔۔۔۔۔۔۔۔میں (1)

3. مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیے:-

(i) "زبانوں کا گھر ہندوستان" کے مصنف کا کیا نام ہے؟ (1)

(ii) خط کے ذریعے لین شو نے خدا سے کتنے روپیے طلب کیے؟ (1)

(iii) www کا پورا نام لکھیے۔ (1)

(iv) کلاس میں بچے کس بات پر حیرت زدہ تھے؟ (1)

(v) رضیہ سلطان دہلی کے کس بادشاہ کی بیٹی تھی؟ (1)

(vi) رتن سنگھ کی کہانی میں کاٹھ کا گھوڑا کسے کہا گیا ہے؟ (1)

(vii) اسمٰعیل میرٹھی کہاں پیدا ہوئے؟ (1)

(viii) 'بہارِ عشق' اور 'شعلۂ عشق' کس شاعر کی مثنویاں ہیں؟ (1)

(ix) گلہری ایسا کون سا کام کر سکتی ہے جو پہاڑ کے بس کا نہیں ہے؟ (1)

(x) 'قدم بڑھاؤ دوستو!' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟ (1)

## حصہ (ب) (SECTION-B)

**نوٹ:- مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے:**

دالان میں ایک چارپائی پر للّو لیٹا ہے، آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے ہیں، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مہینوں سے بیمار ہے۔ سرہانے چچی بیٹھی اُس کا سر دبا رہی ہیں، دو تین بار اُٹھنے کی کوشش کرتی ہیں مگر للّو فوراً اُٹھنے لگتا ہے۔ چارپائی کے پاس تپائی پر گلاس، پیالی، دوا کی شیشیاں اور گھڑی رکھی ہیں۔ بائیں جانب ایک نعمت خانہ ہے، ذرا آگے کو گھڑونچی پر گھڑا ہے جس پر ایک کٹورا رکھا ہے۔ وہیں پاس ایک لوٹا اور بالٹی فرش پر رکھے ہیں۔

4. للّو کہاں پر لیٹا ہوا ہے؟ (2)

5. للّو کی حالت کیسی ہے؟ (2)

6. تپائی پر کیا کیا چیزیں رکھی ہیں؟ (2)

7. گھڑا کس پر رکھا ہوا ہے؟ (2)

نوٹ:- مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات مختصراً لکھیے:-

8. صفت کی دو اقسام کے نام لکھیے۔ (2)

9. فعل کی تعریف لکھیے۔ (2)

10. محاورہ ' کھوپڑی میں نہ سمانا' کے معنی لکھیے۔ (2)

11. مندرجہ ذیل الفاظ کے متضاد لکھیے: (2)

(i) محبت (ii) نزدیک

12. مندرجہ ذیل مذّکر الفاظ کے مؤنث لکھیے: (2)

(i) عالم (ii) بھائی

13. مندرجہ ذیل الفاظ کی جمع لکھیے: (2)

(i) فرض (ii) احسان

14. مندرجہ ذیل الفاظ پر سابقے یا لاحقے لگائیے: (2)

(i) خبر (ii) اُمید

15. مندرجہ ذیل رموزِ اوقاف کی علامت لکھیے: (2)

(i) سوالیہ (ii) سکتہ

## حصّہ (ج) (SECTION -C)

16. مندرجہ ذیل اقتباس کا مطلب لکھیے اور سیاق و سباق کا حوالہ بھی دیجیے:- (3)

بے تکلف دوست کی تو وہی مثال ہے کہ اسے وبالِ جان سمجھتے ہوئے بھی آپ وبالِ جان نہیں کہہ سکتے۔ اگر اُس کے جی میں آئے تو آدھی رات کو آپ کے گھر آدھمکے اور نہ صرف لذیذ کھانے کا مطالبہ کرے، بلکہ کہے کہ " سوئیں گے بھی یہیں اور سوئیں گے بھی آپ کے ساتھ۔" دوپہر کے وقت آپ سو رہے ہوں تو قینچی لے کر ازراہِ مذاق آپ کی دونوں مونچھوں کا صفایا کر ڈالے۔

یا

اگلے اتوار کو پھر لین شو ڈاک خانے میں آیا اور پوچھا کہ کیا اُس کے نام کوئی خط آیا ہے؟ پوسٹ ماسٹر نے لین شو کا خط اُس کے حوالے کیا اور اس کارِ خیر کے انجام دینے پر ایک طرح کی خوشی محسوس کی۔ اُس کے بعد وہ دروازے کی دراز سے لین شو کی کیفیات دیکھنے لگا۔ اُس نے دیکھا کہ نوٹ پا کر لین شو کو کوئی حیرت نہیں ہوئی ہے۔ اُس کو تو جیسے اِس بات کا پختہ یقین تھا کہ یہ رقم تو اُس کو ملنے ہی والی ہے۔ پھر جب اُس نے رقم گن لی تو بگڑ گیا اور بڑبڑانے لگا۔

17. سبق "رضیہ سلطان" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (3)

یا

سبق "کارتوس" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

18. مندرجہ ذیل اشعار کے مطلب لکھیے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجیے: (3)

(i) بار بار اُس کے در پہ جاتا ہوں　　حالت اب اضطراب کی سی ہے

(ii) موت کا ایک دن معیّن ہے　　نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

یا

مندرجہ ذیل نظم کے اشعار کا مطلب لکھیے اور شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی لکھیے:

قدم اُٹھانے کی طاقت نہیں ذرا تجھ میں　　نِری بڑائی ہے، خوبی ہے اور کیا تجھ میں

جو تو بڑا ہے، تو مجھ سا ہُنر دکھا مجھ کو　　یہ چھالیا ہی ذرا توڑ کر دکھا مجھ کو

نہیں ہے چیز نِکمّی کوئی زمانے میں　　کوئی بُرا نہیں قدرت کے کارخانے میں

19. نظم "حمد" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (3)

یا

نظم "قدم بڑھاؤ دوستو!" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

## حصّہ (د) (SECTION-D)

20. نظیرؔ اکبر آبادی کے مختصر حالاتِ زندگی لکھیے۔ (4)

یا

ساحرؔ لدھیانوی کے مختصر حالاتِ زندگی لکھیے۔

21. اپنے اسکول کے پرنسپل صاحب کو دو دن کی چھٹّی کے لیے ایک درخواست لکھیے۔ (4)

یا

اپنے بڑے بھائی کو ضلع سطح پر 100 میٹر دوڑ میں اوّل آنے پر مبارک باد کا خط لکھیے۔

22. مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مختصر مضمون لکھیے: (4)

(i) کسی میلے کی سیر

(ii) میرا پسندیدہ شاعر

(iii) صفائی کی ضرورت اور اہمیت

-------